الْاِنْسَانَ ۙ﴿3﴾ عَلَّمَهُ الْبَيَانَ ﴿4﴾ اَلشَّمْسُ وَ

خلق کیا۔ اور اسے بیان کرنا سکھایا۔سورج اور

الْقَمَرُ بِحُسْبَانٍ ۠﴿5﴾ وَّ النَّجْمُ وَ الشَّجَرُ

چاند منظم حساب کے تحت گردش کرتے ہیں۔اور ستارے اور درخت

يَسْجُدٰنِ ﴿6﴾ وَ السَّمَآءَ رَفَعَهَا وَ وَضَعَ

اسے سجدہ کرتے ہیں۔اور (اللہ نے) آسمان کو بلند کیا اور(اس میں)

الْمِيْزَانَ ۙ﴿7﴾ اَلَّا تَطْغَوْا فِي الْمِيْزَانِ ﴿8﴾ وَ

میزان قرار دی۔تم بھی میزان کی رعایت کرو اور اس میں سرکشی نہ کرو۔

اَقِيْمُوا الْوَزْنَ بِالْقِسْطِ وَ لَا تُخْسِرُوا

وزن کو عدل کی بنیاد پہ قائم کرو اور میزان کو

الْمِيْزَانَ ﴿9﴾ وَ الْاَرْضَ وَضَعَهَا لِلْاَنَامِ ۙ﴿10﴾

کم نہ رکھو۔ اور زمین کو لوگوں کے نفع کیلئے پیدا کیا۔

فِيهَا فَاكِهَةٌ وَّالنَّخْلُ ذَاتُ الْاَكْمَامِ (11)

جس میں پھل اور شگوفوں سے پر نخلستان ہیں۔

وَالْحَبُّ ذُو الْعَصْفِ وَالرَّيْحَانُ (12)

اور ایسے دانے کہ جن میں تنے اور پتے ہیں جو کاہ اور خوشبودار گھاس کی شکل

فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ (13)

میں نکلتے ہیں۔اے گروہ جن وانس اتم اپنے پروردگار کی کس کس نعمت کو جھٹلاؤ گے؟

خَلَقَ الْاِنْسَانَ مِنْ صَلْصَالٍ

انسانوں کو ٹھیکری جیسے خشک شدہ گارے سے

كَالْفَخَّارِ (14) وَخَلَقَ الْجَآنَّ مِنْ مَّارِجٍ

پیدا کیا اور جنوں کو آگ کے ملے جلے متحرک شعلے سے۔

مِّنْ نَّارٍ (15) فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ (16)

پس تم اپنے پروردگار کی کس کس نعمت کو جھٹلاؤ گے؟

رَبُّ الْمَشْرِقَيْنِ وَرَبُّ الْمَغْرِبَيْنِ ﴿17﴾

وہ دونوں مشرقوں اور دونوں مغربوں کا پروردگار ہے

فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّکُمَا تُکَذِّبٰنِ ﴿18﴾ مَرَجَ

پس تم اپنے پروردگار کی کس کس نعمت کو جھٹلاؤ گے؟ دو سمندروں

الْبَحْرَیْنِ یَلْتَقِیٰنِ ﴿19﴾ بَیْنَهُمَا بَرْزَخٌ لَّا

کو ایکدوسرے کے قریب قرار دیا جبکہ وہ مل رہے ہیں۔ لیکن دونوں کے درمیان ایک برزخ ہے

یَبْغِیٰنِ ﴿20﴾ فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّکُمَا تُکَذِّبٰنِ ﴿21﴾

کہ وہ ایکدوسرے پر غلبہ نہیں کرتے۔ پس تم اپنے پروردگار کی کس کس نعمت کو جھٹلاؤ گے؟

یَخْرُجُ مِنْهُمَا اللُّؤْلُؤُ وَ الْمَرْجَانُ ﴿22﴾

ان دونوں میں سے لولو اور مرجان نکلتے ہیں۔

فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّکُمَا تُکَذِّبٰنِ ﴿23﴾ وَ لَهُ

پس تم اپنے پروردگار کی کس کس نعمت کو جھٹلاؤ گے؟ اور اس کیلئے

الْجَوَارِ الْمُنْشَئٰتُ فِي الْبَحْرِ كَالْاَعْلَامِ ج 24

بنی ہوئی کشتیاں ہیں کہ جو پہاڑ کی طرح سمندر میں چلتی ہیں

فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ع 25 كُلُّ مَنْ

پس تم اپنے پروردگار کی کس کس نعمت کو جھٹلاؤ گے؟ وہ تمام لوگ کہ

عَلَيْهَا فَانٍ ج ط 26 وَّ يَبْقٰى وَجْهُ رَبِّكَ ذُو

جو اس زمین پر ہیں فنا ہو جائیں گے۔ اور صرف تیرے رب کی ذات ذوالجلال و

الْجَلٰلِ وَ الْاِكْرَامِ ج 27 فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا

الاکرام باقی رہ جائیگی۔ پس تم اپنے پروردگار کی کس کس

تُكَذِّبٰنِ 28 يَسْئَلُهٗ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَ

نعمت کو جھٹلاؤ گے؟ تمام وہ لوگ جو آسمان اور زمین میں ہیں اس سے

الْاَرْضِ ط كُلَّ يَوْمٍ هُوَ فِيْ شَاْنٍ ج 29

سوال کرتے ہیں جبکہ وہ ہر روز ایک نئی شان میں جلوہ گر ہوتا ہے۔

فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّکُمَا تُکَذِّبٰنِ (30) سَنَفْرُغُ

پس تم اپنے پروردگار کی کس کس نعمت کو جھٹلاؤ گے؟ اے گروہ جن و انس عنقریب

لَکُمْ اَیُّهَ الثَّقَلٰنِ ج (31) فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّکُمَا

ہم تمہارا احتساب کریں گے۔ پس تم اپنے پروردگار کی کس کس نعمت کو

تُکَذِّبٰنِ (32) یٰمَعْشَرَ الْجِنِّ وَ الْاِنْسِ اِنِ

جھٹلاؤ گے؟ اے گروہ جن و انس اگر تم

اسْتَطَعْتُمْ اَنْ تَنْفُذُوْا مِنْ اَقْطَارِ

سے ہو سکے تو زمین و آسمان کی سرحدوں

السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ فَانْفُذُوْا ط لَا

سے نکل جاؤ مگر تم ہرگز قدرت نہیں رکھتے مگر

تَنْفُذُوْنَ اِلَّا بِسُلْطٰنٍ ج (33) فَبِاَیِّ اٰلَآءِ

سوائے (خدائی) قوت کے ساتھ۔ پس تم اپنے پروردگار کی کس

رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿34﴾ يُرْسَلُ عَلَيْكُمَا شُوَاظٌ

کس نعمت کو جھٹلاؤ گے؟ وہ دھویں سے خالی آگ کے اور کم رفتار (اور بہت) دھویں والی

مِّنْ نَّارٍ ۙ وَّ نُحَاسٌ فَلَا تَنْتَصِرٰنِ ﴿35﴾

آگ کے شعلے تمہاری طرف بھیجے گا اور تم کسی سے مدد طلب نہیں کر سکو گے۔

فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿36﴾ فَاِذَا انْشَقَّتِ

پس تم اپنے پروردگار کی کس کس نعمت کو جھٹلاؤ گے؟ جس وقت

السَّمَآءُ فَكَانَتْ وَرْدَةً كَالدِّهَانِ ﴿37﴾ ج

آسمان پھٹ جائے گا اور پگھلے ہوئے روغن کی طرح

فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿38﴾

سرخ ہو جائے گا۔ پس تم اپنے پروردگار کی کس کس نعمت کو جھٹلاؤ گے؟

فَيَوْمَئِذٍ لَّا يُسْئَلُ عَنْ ذَنْۢبِهٖٓ اِنْسٌ وَّ لَا

اس دن جن و انس میں سے کسی سے اس کے گناہوں کے بارے میں سوال

جَآنٌّ ﴿39﴾ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿40﴾

نہیں ہو گا۔ پس تم اپنے پروردگار کی کس کس نعمت کو جھٹلاؤ گے؟

يُعْرَفُ الْمُجْرِمُوْنَ بِسِيْمٰهُمْ فَيُؤْخَذُ

بلکہ مجرمین اپنے چہروں سے پہچانے جائیں گے۔ اس وقت ان کے

بِالنَّوَاصِيْ وَ الْاَقْدَامِ ﴿41﴾ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ

سر کے اگلے بال اور پاؤں پکڑ لئے جائیں گے۔ پس تم اپنے پروردگار کی کس

رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿42﴾ هٰذِهٖ جَهَنَّمُ الَّتِيْ

کس نعمت کو جھٹلاؤ گے؟(کفار سے کہا جائیگا)یہ وہی دوزخ

يُكَذِّبُ بِهَا الْمُجْرِمُوْنَ ﴿43﴾ يَطُوْفُوْنَ

ہے کہ مجرم جس کا انکار کرتے تھے۔ آج دوزخ اور اس

بَيْنَهَا وَ بَيْنَ حَمِيْمٍ اٰنٍ ﴿44﴾ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ

جلانیوالے پانی کے درمیان وہ آمدورفت رکھتے ہیں۔ پس تم اپنے پروردگار

رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿45﴾ ع وَلِمَنْ خَافَ مَقَامَ

کی کس کس نعمت کو جھٹلاؤ گے؟ اور اس شخص کیلئے کہ جو اپنے رب سے

رَبِّهٖ جَنَّتٰنِ ﴿46﴾ ج فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا

ڈرے جنت کے دو باغ ہیں۔ پس تم اپنے پروردگار کی کس کس نعمت کو

تُكَذِّبٰنِ ﴿47﴾ لا ذَوَاتَآ اَفْنَانٍ ﴿48﴾ ج فَبِاَیِّ اٰلَآءِ

جھٹلاؤ گے؟ ان دو باغوں میں انواع واقسام کی نعمتیں رکھنے والے درخت ہیں۔ پس تم اپنے

رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿49﴾ فِیْهِمَا عَیْنٰنِ تَجْرِیٰنِ ﴿50﴾ ج

پروردگار کی کس کس نعمت کو جھٹلاؤ گے؟ ان میں مسلسل دو چشمے جاری ہیں۔

فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿51﴾ فِیْهِمَا

پس تم اپنے پروردگار کی کس کس نعمت کو جھٹلاؤ گے؟ ان دونوں باغوں

مِنْ كُلِّ فَاكِهَةٍ زَوْجٰنِ ﴿52﴾ ج فَبِاَیِّ اٰلَآءِ

میں ہر پھل کی دو دو، قسمیں موجود ہیں۔ پس تم اپنے پروردگار کی

رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿53﴾ مُتَّكِئِيْنَ عَلٰى فُرُشٍۭ

کس کس نعمت کو جھٹلاؤ گے؟ یہ اس حالت میں ہے کہ وہ ایسے فرشوں پر تکیہ لگائے

بَطَآئِنُهَا مِنْ اِسْتَبْرَقٍؕ وَ جَنَا الْجَنَّتَيْنِ

بیٹھے ہیں کہ جن کے استر ریشم کے ہیں اور ان دونوں باغوں کے پکے ہوئے پھل ان کی

دَانٍ ﴿54﴾ فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿55﴾

دسترس میں ہوں گے ۔ پس تم اپنے پروردگار کی کس کس نعمت کو جھٹلاؤ گے؟

فِيْهِنَّ قٰصِرٰتُ الطَّرْفِ ۙ لَمْ يَطْمِثْهُنَّ

جنت کے باغوں میں ایسی خواتین ہیں کہ جو سوائے اپنے شوہروں کے کسی سے محبت نہیں

اِنْسٌ قَبْلَهُمْ وَ لَا جَآنٌّ ﴿56﴾ فَبِاَیِّ اٰلَآءِ

رکھتیں اور اس سے پہلے کسی جن وانس نے انہیں مس نہیں کیا۔ پس تم اپنے پروردگار

رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿57﴾ كَاَنَّهُنَّ الْيَاقُوْتُ وَ

کی کس کس نعمت کو جھٹلاؤ گے؟ وہ یاقوت و مرجان

الْمَرْجَانُ ﴿58﴾ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿59﴾

کی مانند ہیں۔ پس تم اپنے پروردگار کی کس کس نعمت کو جھٹلاؤ گے؟

هَلْ جَزَآءُ الْاِحْسَانِ اِلَّا الْاِحْسَانُ ﴿60﴾

کیا نیکی کا بدلہ نیکی کے علاوہ کچھ اور ہے؟

فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿61﴾ وَمِنْ

پس تم اپنے پروردگار کی کس کس نعمت کو جھٹلاؤ گے؟اور ان سے

دُوْنِهِمَا جَنَّتٰنِ ﴿62﴾ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا

بہت نیچے دو اور باغ ہیں۔ پس تم اپنے پروردگار کی کس کس نعمت

تُكَذِّبٰنِ ﴿63﴾ مُدْهَآمَّتٰنِ ﴿64﴾ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ

کو جھٹلاؤ گے؟دونوں مکمل طور پر پرمسرت و سرسبز ہیں۔ پس تم اپنے پروردگار

رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿65﴾ فِيْهِمَا عَيْنٰنِ

کی کس کس نعمت کو جھٹلاؤ گے؟ان میں دو چشمے جوش کی

نَضَّاخَتٰنِ ﴿66﴾ فَبِاَيِّ اٰلَاۤءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿67﴾

حالت میں ہیں۔پس تم اپنے پروردگار کی کس کس نعمت کو جھٹلاؤ گے؟

فِيْهِمَا فَاكِهَةٌ وَّ نَخْلٌ وَّ رُمَّانٌ ﴿68﴾

ان میں پھل کثرت سے ہیں اور کھجور اور انار کے درخت (بھی) ہیں

فَبِاَيِّ اٰلَاۤءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿69﴾ فِيْهِنَّ

پس تم اپنے پروردگار کی کس کس نعمت کو جھٹلاؤ گے؟ان بہشت

خَيْرٰتٌ حِسَانٌ ﴿70﴾ فَبِاَيِّ اٰلَاۤءِ رَبِّكُمَا

کے باغوں میں اچھے اخلاق والی عورتیں ہیں۔پس تم اپنے پروردگار کی کس

تُكَذِّبٰنِ ﴿71﴾ حُوْرٌ مَّقْصُوْرٰتٌ فِي

کس نعمت کو جھٹلاؤ گے؟ایسی حوریں کہ جو جنت کے مستور

الْخِيَامِ ﴿72﴾ فَبِاَيِّ اٰلَاۤءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿73﴾

خیموں میں ہیں۔پس تم اپنے پروردگار کی کس کس نعمت کو جھٹلاؤ گے ؟

لَمْ يَطْمِثْهُنَّ اِنْسٌ قَبْلَهُمْ وَ لَا جَآنٌّ ﴿74﴾

ایسی عورتیں کہ جن سے کبھی پہلے کسی انسان یا جن نے ملاقات نہیں کی

فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّکُمَا تُکَذِّبٰنِ ﴿75﴾ مُتَّکِئِیْنَ

پس تم اپنے پروردگار کی کس کس نعمت کا انکار کروگے؟ یہ اس حالت میں

عَلٰی رَفْرَفٍ خُضْرٍ وَّ عَبْقَرِیٍّ حِسَانٍ ﴿76﴾

ہے کہ جنتی لوگ تختوں پر تکئے لگائے ہوئے ہیں جن پر بہترین اور خوبصورت ترین سبز رنگ

فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّکُمَا تُکَذِّبٰنِ ﴿77﴾ تَبٰرَکَ

کے فرش بچھائے گئے۔ پس تم اپنے پروردگار کی کس کس نعمت کو جھٹلاؤ گے؟ بابرکت

اسْمُ رَبِّکَ ذِی الْجَلٰلِ وَ الْاِکْرَامِ ﴿78﴾

اور زوال نا آشنا ہے تیرے صاحب جلال وجمال رب کا نام۔

سُوْرَةُ الْمُلْكِ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع اللہ کے نام سے جو رحمٰن و رحیم ہے۔

تَبٰرَكَ الَّذِیْ بِیَدِهِ الْمُلْكُ ز وَ هُوَ عَلٰی

برکتوں والی (اور زوال ناپذیر) ہے وہ ذات جس کے قبضۂ قدرت میں سارے عالم ہستی کی

كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرُ ۙ ﴿۱﴾ الَّذِیْ خَلَقَ الْمَوْتَ وَ

حکومت ہے اور وہ ہر چیز پر قدرت رکھتا ہے۔ وہی وہ ذات ہے جس نے موت و

الْحَیٰوةَ لِیَبْلُوَكُمْ اَیُّكُمْ اَحْسَنُ عَمَلًا ط وَ

حیات کو پیدا کیا، تاکہ وہ آزمائے کہ تم میں سے بہترین عمل کون کرتا ہے، اور

هُوَ الْعَزِيْزُ الْغَفُوْرُ ۙ ﴿2﴾ الَّذِیْ خَلَقَ سَبْعَ

وہ شکست ناپذیر اور بخشنے والا ہے۔ وہی جس نے سات آسمانوں کو

سَمٰوٰتٍ طِبَاقًا ؕ مَا تَرٰی فِیْ خَلْقِ

ایک دوسرے کے اوپر پیدا کیا۔ تم خدائے رحمٰن کی مخلوق میں کوئی

الرَّحْمٰنِ مِنْ تَفٰوُتٍ ؕ فَارْجِعِ

تضاد اور کسی قسم کا عیب نہیں دیکھو گے۔ پھر نظر دوڑا

الْبَصَرَ ۙ هَلْ تَرٰی مِنْ فُطُوْرٍ ﴿3﴾ ثُمَّ ارْجِعِ

کر دیکھو۔ کیا تمہیں کوئی شگاف یا خلل نظر آتا ہے؟ پھر دوبارہ نظر اٹھا کر

الْبَصَرَ كَرَّتَیْنِ یَنْقَلِبْ اِلَیْكَ الْبَصَرُ

دیکھو، انجام کار تیری نظر (نقص کی جستجو میں ناکام ہو کر) تیری

خَاسِئًا وَّهُوَ حَسِیْرٌ ﴿4﴾ وَ لَقَدْ زَیَّنَّا

طرف پلٹ آئیگی اور تھکی ہوئی ہوگی۔ ہم نے نچلے آسمان کو روشن

السَّمَآءَ الدُّنْيَا بِمَصَابِيْحَ وَ جَعَلْنٰهَا

چراغوں سے زینت دی ہے اور انہیں شیاطین کے لئے

رُجُوْمًا لِّلشَّيٰطِيْنِ وَ اَعْتَدْنَا لَهُمْ

(شہاب) تیر قرار دیا ہے، اور ہم نے ان کے لئے دوزخ

عَذَابَ السَّعِيْرِ ﴿5﴾ وَ لِلَّذِيْنَ كَفَرُوْا

کا عذاب فراہم کیا ہے۔اور ان لوگوں کے لئے جنہوں

بِرَبِّهِمْ عَذَابُ جَهَنَّمَ ؕ وَ بِئْسَ الْمَصِيْرُ ﴿6﴾

نے اپنے پروردگار کا کفر کیا، جہنم کا عذاب ہے اور وہ بری جگہ ہے۔

اِذَآ اُلْقُوْا فِيْهَا سَمِعُوْا لَهَا شَهِيْقًا وَّ هِيَ

جس وقت وہ اس میں ڈالے جائیں گے تو اس میں سے ایک وحشت ناک آواز سنیں گے اور

تَفُوْرُ ﴿7﴾ لا تَكَادُ تَمَيَّزُ مِنَ الْغَيْظِ ؕ كُلَّمَآ

وہ ہمیشہ جوش مار رہی ہوگی۔ قریب ہے کہ وہ شدت غضب سے پارہ پارہ ہو جائے۔ جس

اُلْقِیَ فِیْھَا فَوْجٌ سَاَلَھُمْ خَزَنَتُھَآ اَلَمْ

وقت اس میں کوئی گروہ ڈالا جاتا ہے تو دوزخ کے نگران ان سے سوال کرتے ہیں کیا تمہارے

یَاْتِکُمْ نَذِیْرٌ ﴿8﴾ قَالُوْا بَلٰی قَدْ جَآءَنَا

پاس اللہ کی طرف سے کوئی ڈرانیوالا نہیں آیا تھا۔ وہ کہیں گے، ہاں! ڈرانے والا تو ہمارے

نَذِیْرٌ ۵لا فَکَذَّبْنَا وَ قُلْنَا مَا نَزَّلَ اللّٰهُ مِنْ

پاس آیا تھا مگر ہم نے اسے جھٹلایا اور یہ کہا کہ اللہ نے بالکل کوئی چیز نازل

شَیْءٍ ج اِنْ اَنْتُمْ اِلَّا فِیْ ضَلٰلٍ کَبِیْرٍ ﴿9﴾ وَ

نہیں کی ہے اور تم ایک بہت بڑی گمراہی میں ہو۔اور (یہ بھی)

قَالُوْا لَوْ کُنَّا نَسْمَعُ اَوْ نَعْقِلُ مَا کُنَّا فِیْٓ

کہیں گے کہ اگر (ان کی بات) سنتے یا سمجھتے تب تو (آج)

اَصْحٰبِ السَّعِیْرِ ﴿10﴾ فَاعْتَرَفُوْا بِذَنْۢبِھِمْ ج

دوزخیوں میں نہ ہوتے۔اس موقع پر وہ اپنے گناہ کا اعتراف کرلیں گے،

فَسُحۡقًا لِّاَصۡحٰبِ السَّعِيۡرِ ﴿11﴾ اِنَّ الَّذِيۡنَ

دوزخی اس کی رحمت سے دور رہیں۔وہ لوگ جو اپنے پروردگار

يَخۡشَوۡنَ رَبَّهُمۡ بِالۡغَيۡبِ لَهُمۡ مَّغۡفِرَةٌ وَّ

سے پوشیدہ طور سے ڈرتے ہیں ان کے لئے بخشش اور

اَجۡرٌ كَبِيۡرٌ ﴿12﴾ وَاَسِرُّوۡا قَوۡلَـكُمۡ اَوِ اجۡهَرُوۡا

اجر عظیم ہے۔اپنی گفتگو کو پوشیدہ رکھو یا آشکار کرو (کچھ فرق نہیں ہے)

بِهٖ ؕ اِنَّهٗ عَلِيۡمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوۡرِ ﴿13﴾ اَلَا

وہ (اللہ) دلوں کی باتوں سے آگاہ ہے۔ کیا وہ ہستی

يَعۡلَمُ مَنۡ خَلَقَ ؕ وَهُوَ اللَّطِيۡفُ

کہ جس نے تمام موجودات کو پیدا کیا ہے انکے حالات سے آگاہ نہیں ہے؟ جب کہ وہ دقیق

الۡخَبِيۡرُ ﴿14﴾ هُوَ الَّذِىۡ جَعَلَ لَـكُمُ الۡاَرۡضَ

اسرار سے باخبر اور ہر چیز کا عالم ہے۔ وہی تو ہے کہ جس نے زمین کو تمہارے لئے تسخیر کر دیا۔

ذَلُوْلًا فَامْشُوْا فِيْ مَنَاكِبِهَا وَكُلُوْا مِنْ

اس کے دوش پر چلو پھرو اور اللہ کی عطا کردہ روزی میں سے کھاؤ اور تم سب

رِّزْقِهٖ ؕ وَاِلَيْهِ النُّشُوْرُ ﴿15﴾ ءَاَمِنْتُمْ مَّنْ فِي

کی بازگشت اسی (اللہ ہی) کی طرف ہے۔جو آسمان پر حاکم ہے کیا تم اسکے عذاب

السَّمَآءِ اَنْ يَّخْسِفَ بِكُمُ الْاَرْضَ فَاِذَا

سے خود کو امان میں سمجھتے ہو یا زمین اسکے حکم سے پھٹ جائے اور تمہیں نگل لے

هِيَ تَمُوْرُ ﴿16﴾ لا اَمْ اَمِنْتُمْ مَّنْ فِي السَّمَآءِ

اور مسلسل لرزتی رہے۔یا تم خداوند آسمان کے عذاب سے اپنے آپ کو امان میں سمجھتے ہو کہ وہ

اَنْ يُّرْسِلَ عَلَيْكُمْ حَاصِبًا ؕ فَسَتَعْلَمُوْنَ

ایسی آندھی تم پر بھیج دے جو سنگریزوں سے بھری ہوئی ہو اور تم جلدی ہی جان لو

كَيْفَ نَذِيْرِ ﴿17﴾ وَلَقَدْ كَذَّبَ الَّذِيْنَ مِنْ

گے کہ میری دھمکیاں کیسی ہیں۔وہ لوگ جو ان سے پہلے تھے انہوں نے (آیات الٰہی کی)

قَبْلِهِمْ فَكَيْفَ كَانَ نَكِيْرِ ﴿18﴾ اَوَ لَمْ يَرَوْا

تکذیب کی تھی، لیکن (دیکھو) میرا عذاب کیسا تھا؟ کیا انہوں نے ان پرندوں کی طرف نہیں

اِلَى الطَّيْرِ فَوْقَهُمْ صٰٓفّٰتٍ وَّ يَقْبِضْنَ ؔ

دیکھا، جو ان کے سروں کے اوپر کبھی اپنے پروں کو پھیلائے ہوئے اور کبھی سمیٹے ہوئے

مَا يُمْسِكُهُنَّ اِلَّا الرَّحْمٰنُ ؕ اِنَّهٗ بِكُلِّ

ہوتے ہیں؟ خدائے رحمٰن کے سوا کوئی انہیں آسمان کی بلندی پر روکے ہوئے نہیں ہوتا۔

شَيْءٍ بَصِيْرٌ ﴿19﴾ اَمَّنْ هٰذَا الَّذِيْ هُوَ جُنْدٌ

کیونکہ وہ ہر چیز کو دیکھتا ہے۔ کیا وہ جو تمہارا لشکر ہے وہ اللہ

لَّكُمْ يَنْصُرُكُمْ مِّنْ دُوْنِ الرَّحْمٰنِ ؕ اِنِ

کے مقابلہ میں تمہاری مدد کرسکتا ہے؟ لیکن کافر

الْكٰفِرُوْنَ اِلَّا فِيْ غُرُوْرٍ ﴿20﴾ اَمَّنْ هٰذَا

تو صرف دھوکہ میں ہیں۔ کیا وہ جو تمہیں روزی دیتا ہے اگر

الَّذِیْ یَرْزُقُكُمْ اِنْ اَمْسَكَ رِزْقَهٗ ۚ بَلْ

وہ اپنی روزی روک لے (تو تمہاری ضروریات کون پوری کرسکتا ہے) لیکن وہ تو سرکشی اور

لَّجُّوْا فِیْ عُتُوٍّ وَّ نُفُوْرٍ ﴿21﴾ اَفَمَنْ یَّمْشِیْ

حقیقت سے فرار کرتے ہوئے ہٹ دھرمی سے کام لیتے ہیں۔کیا وہ شخص جو منہ

مُكِبًّا عَلٰى وَجْهِهٖۤ اَهْدٰۤى اَمَّنْ یَّمْشِیْ

کے بل گرا ہوا چل رہا ہو ہدایت کے زیادہ نزدیک ہے یا وہ شخص جو

سَوِیًّا عَلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِیْمٍ ﴿22﴾ قُلْ هُوَ

راست قامت صراط مستقیم پر گامزن ہے؟ کہہ دیجئے وہی تو

الَّذِیْۤ اَنْشَاَكُمْ وَ جَعَلَ لَكُمُ السَّمْعَ وَ

ہے کہ جس نے تمہیں پیدا کیا ہے، اور تمہارے لئے کان،

الْاَبْصَارَ وَ الْاَفْـِٕدَةَ ؕ قَلِیْلًا مَّا تَشْكُرُوْنَ ﴿23﴾

آنکھیں اور دل قرار دیئے، لیکن تم بہت ہی کم شکر کرتے ہو۔

قُلْ هُوَ الَّذِیْ ذَرَاَکُمْ فِی الْاَرْضِ وَ

کہہ دیجئے کہ وہی تو ہے کہ جس نے تمہیں زمین میں پیدا کیا، اور

اِلَیْهِ تُحْشَرُوْنَ ﴿24﴾ وَ یَقُوْلُوْنَ مَتٰی هٰذَا

اسی کی طرف تم لوٹ جاؤ گے۔ وہ کہتے ہیں کہ اگر تم سچ کہتے ہو تو یہ

الْوَعْدُ اِنْ کُنْتُمْ صٰدِقِیْنَ ﴿25﴾ قُلْ اِنَّمَا

قیامت کا وعدہ کب پورا ہوگا۔ کہہ دیجئے کہ اس کا

الْعِلْمُ عِنْدَ اللّٰهِ وَ اِنَّمَآ اَنَا نَذِیْرٌ مُّبِیْنٌ ﴿26﴾

علم تو اللہ ہی کے ساتھ مخصوص ہے۔ اور میں تو صرف واضح و آشکار ڈرانے والا ہوں۔

فَلَمَّا رَاَوْهُ زُلْفَةً سِیْٓـَٔتْ وُجُوْهُ الَّذِیْنَ

جس وقت اس وعدۂ الٰہی کو قریب سے دیکھیں گے تو کافروں کے چہرے قبیح

کَفَرُوْا وَ قِیْلَ هٰذَا الَّذِیْ کُنْتُمْ بِهٖ

اور سیاہ ہو جائیں گے اور انہیں کہا جائے گا، یہ وہی چیز ہے جس کا تم تقاضا

تَدَّعُوْنَ ﴿27﴾ قُلْ اَرَءَيْتُمْ اِنْ اَهْلَكَنِيَ اللّٰهُ وَ

کیا کرتے تھے۔کہہ دیجیے: اگر اللہ مجھے اور ان تمام لوگوں کو

مَنْ مَّعِيَ اَوْ رَحِمَنَا فَمَنْ يُّجِيْرُ

جو میرے ساتھ ہیں ہلاک کر دے یا ہم پر رحم کرے تو بھی کافروں

الْكٰفِرِيْنَ مِنْ عَذَابٍ اَلِيْمٍ ﴿28﴾ قُلْ هُوَ

کو دردناک عذاب سے کون پناہ دے گا؟کہہ دیجیے: وہ (اللہ)

الرَّحْمٰنُ اٰمَنَّا بِهٖ وَ عَلَيْهِ تَوَكَّلْنَا ج

رحمٰن ہے، ہم اس پر ایمان لائے ہیں اور اسی پر ہم نے توکل کیا ہے،

فَسَتَعْلَمُوْنَ مَنْ هُوَ فِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ﴿29﴾

اور عنقریب تم جان لو گے کہ کون شخص واضح گمراہی میں ہے۔

قُلْ اَرَءَيْتُمْ اِنْ اَصْبَحَ مَآؤُكُمْ غَوْرًا

کہہ دیجیے: مجھے بتاؤ اگر تمہاری (سرزمین کے) پانی زمین کے اندر چلے جائیں

فَمَنْ يَّاْتِيْكُمْ بِمَآءٍ مَّعِيْنٍ ﴿30﴾ ع

تو کون تمہارے لئے جاری پانی لاسکتا ہے؟

سُوْرَةُ الْمُزَّمِّلُ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع اللہ کے نام سے جو رحمٰن ورحیم ہے۔

يٰٓاَيُّهَا الْمُزَّمِّلُ ﴿1﴾ قُمِ الَّيْلَ اِلَّا قَلِيْلًا ﴿2﴾ لا

اے اپنے اوپر کپڑا لپیٹنے والے۔ رات کو، تھوڑے سے حصہ کے سوا، قیام کیا کر۔

نِّصْفَهٗٓ اَوِ انْقُصْ مِنْهُ قَلِيْلًا ﴿3﴾ لا اَوْ زِدْ

آدھی رات یا اس میں سے تھوڑا کم کر دے۔ یا آدھی رات پر

عَلَيْهِ وَ رَتِّلِ الْقُرْاٰنَ تَرْتِيْلًا ﴿4﴾ اِنَّا سَنُلْقِيْ

کچھ اضافہ کر دے، اور قرآن کو تامل کیساتھ پڑھا کر۔ کیونکہ ہم عنقریب

عَلَيْكَ قَوْلًا ثَقِيْلًا ﴿5﴾ اِنَّ نَاشِئَةَ الَّيْلِ هِيَ

ایک سنگین و ثقیل بات کا تجھ پر القاء کریں گے۔ یقیناً شبانہ (عبادت) کا پروگرام

اَشَدُّ وَطْاً وَّ اَقْوَمُ قِيْلًا ﴿6﴾ اِنَّ لَكَ فِي

زیادہ مضبوط اور زیادہ استقامت والا ہے۔ اور دن میں تو تمہارے مسلسل

النَّهَارِ سَبْحًا طَوِيْلًا ﴿7﴾ وَاذْكُرِ اسْمَ

اور طولانی کوششیں جاری رہیں گی۔ اپنے رب کے نام کا ذکر

رَبِّكَ وَ تَبَتَّلْ اِلَيْهِ تَبْتِيْلًا ﴿8﴾ رَبُّ

کئے جاؤ اور صرف اسی کیساتھ دل کو لگائے رکھو۔ وہی مشرق و

الْمَشْرِقِ وَ الْمَغْرِبِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ

مغرب کا پروردگار ہے جسکے علاوہ کوئی معبود نہیں۔

فَاتَّخِذْهُ وَكِيْلًا ﴿9﴾ وَ اصْبِرْ عَلٰى مَا

پس تم اسی کو اپنا نگہبان اور کارساز مانو۔ اور جو کچھ وہ (دشمن) کہتے ہیں اس پر

يَقُوْلُوْنَ وَ اهْجُرْهُمْ هَجْرًا جَمِيْلًا ﴿10﴾ وَ

صبر کرو اور شائستہ طور پر ان سے دوری اختیار کرو۔ مجھے ان

ذَرْنِىْ وَ الْمُكَذِّبِيْنَ اُولِى النَّعْمَةِ وَ

جھٹلانے والے صاحبانِ نعمت (سے بدلہ لینے کیلئے) چھوڑ دو اور انہیں تھوڑی

مَهِّلْهُمْ قَلِيْلًا ﴿11﴾ اِنَّ لَدَيْنَآ اَنْكَالًا وَّ

سی مہلت دے دو۔ کیونکہ ہمارے پاس غل و زنجیر اور (جہنم

جَحِيْمًا ﴿12﴾ لا وَّ طَعَامًا ذَا غُصَّةٍ وَّ عَذَابًا

کی آگ) ہے۔ اور گلو گیر غذا اور درد ناک

اَلِيْمًا ﴿13﴾ ق يَوْمَ تَرْجُفُ الْاَرْضُ وَ الْجِبَالُ

عذاب ہے۔ اس دن زمین اور پہاڑ شدت سے لرز رہے ہوں گے اور پہاڑ

وَ كَانَتِ الْجِبَالُ كَثِيْبًا مَّهِيْلًا ﴿14﴾ اِنَّآ

ریت کے تودوں کی شکل میں نرم ہو جائیں گے۔ہم نے تمہاری

اَرْسَلْنَآ اِلَيْكُمْ رَسُوْلًا ۙ شَاهِدًا عَلَيْكُمْ

طرف ایسا ہی ایک پیغمبر گواہ بنا کر بھیجا ہے، جیسا کہ

كَمَآ اَرْسَلْنَآ اِلٰى فِرْعَوْنَ رَسُوْلًا ﴿15﴾ فَعَصٰى

ہم نے فرعون کی طرف رسول بھیجا تھا۔فرعون اس رسول کی

فِرْعَوْنُ الرَّسُوْلَ فَاَخَذْنٰهُ اَخْذًا وَّبِيْلًا ﴿16﴾

مخالفت اور نافرمانی کے لیے کھڑا ہوگیا تو ہم نے اسے سخت سزا دی۔

فَكَيْفَ تَتَّقُوْنَ اِنْ كَفَرْتُمْ يَوْمًا يَّجْعَلُ

پس اگر تم بھی کافر ہو گئے، تو تم (اللہ کے شدید عذاب سے) اس دن جو بچوں کو بوڑھا کر

الْوِلْدَانَ شِيْبَا ۖ ﴿17﴾ السَّمَآءُ مُنْفَطِرٌۢ بِهٖ ۭ

دے گا، کس طرح خود کو بچاؤ گے۔اس دن آسمان پھٹ پڑے گا

كَانَ وَعْدُهٗ مَفْعُوْلًا ﴿18﴾ اِنَّ هٰذِهٖ تَذْكِرَةٌ ۚ

اور اس کا وعدہ پورا ہو کر رہے گا۔ یہ تو ایک تنبیہ اور نصیحت ہے

فَمَنْ شَآءَ اتَّخَذَ اِلٰى رَبِّهٖ سَبِيْلًا ﴿19﴾ ع اِنَّ

پس جو شخص چاہے اپنے پروردگار کی طرف راستہ اختیار کر لے۔ تیرا پروردگار

رَبَّكَ يَعْلَمُ اَنَّكَ تَقُوْمُ اَدْنٰى مِنْ ثُلُثَيِ

جانتا ہے کہ تو اور ان لوگوں میں سے ایک گروہ جو تیرے ساتھ ہے،

الَّيْلِ وَ نِصْفَهٗ وَ ثُلُثَهٗ وَ طَآئِفَةٌ مِّنَ

رات کی دو تہائی کے قریب یا آدھی رات یا اس کی ایک تہائی

الَّذِيْنَ مَعَكَ ؕ وَ اللّٰهُ يُقَدِّرُ الَّيْلَ وَ

قیام کرتے ہیں اور اللہ رات اور دن کا اندازہ رکھتا

النَّهَارَ ؕ عَلِمَ اَنْ لَّنْ تُحْصُوْهُ فَتَابَ

ہے۔ وہ جانتا ہے کہ تم اس کی مقدار کو (پورے طور پر)

عَلَيْكُمْ فَاقْرَءُوْا مَا تَيَسَّرَ مِنَ الْقُرْاٰنِ ط

اندازہ نہیں کر سکتے، اس لئے اس نے تمہیں بخش دیا، اپس جو کچھ قرآن میں سے

عَلِمَ اَنْ سَيَكُوْنُ مِنْكُمْ مَّرْضٰى لا وَ

تمہارے لئے میسر ہو، تلاوت کرو، وہ جانتا ہے کہ عنقریب تم میں

اٰخَرُوْنَ يَضْرِبُوْنَ فِى الْاَرْضِ يَبْتَغُوْنَ

ئے ایک گروہ بیمار بھی ہو جائے گا اور ایک گروہ فضل خدا حاصل

مِنْ فَضْلِ اللّٰهِ لا وَ اٰخَرُوْنَ يُقَاتِلُوْنَ فِىْ

کرنے (اور روزی کمانے کے لئے) سفر پر جائے گا اور ایک

سَبِيْلِ اللّٰهِ ز صلے فَاقْرَءُوْا مَا تَيَسَّرَ مِنْهُ لا وَ

گروہ راہ خدا میں جہاد کرے گا۔ پس جس قدر تم سے ممکن ہو، اس

اَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَ اٰتُوا الزَّكٰوةَ وَ اَقْرِضُوا

کی تلاوت کرو اور نماز قائم کرو اور زکوۃ ادا کرو، اور اللہ

اللّٰہَ قَرْضًا حَسَنًا ؕ وَ مَا تُقَدِّمُوْا

کو قرض حسنہ دو (اس کی راہ میں خرچ کرو) اور (یہ جان لو) کہ جو

لِاَنْفُسِكُمْ مِّنْ خَیْرٍ تَجِدُوْهُ عِنْدَ اللّٰہِ

کارِ خیر تم اپنے لئے آگے بھیجتے ہو، تم اس کا اللہ کے ہاں

هُوَ خَیْرًا وَّ اَعْظَمَ اَجْرًا ؕ وَ اسْتَغْفِرُوا

بہترین صورت میں عظیم ترین اجر پاؤ گے اور اللہ سے طلب

اللّٰہَ ؕ اِنَّ اللّٰہَ غَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ ﴿20﴾ ع

مغفرت کرو کہ اللہ غفور و رحیم ہے۔

آیت الکرسی

اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَۚ اَلْحَیُّ الْقَیُّوْمُ ۚ۬ لَا

اس خدائے یگانہ کے سوا کوئی معبود نہیں جو زندہ ہے اور اپنی ذات سے قائم ہے۔ اسے

تَاْخُذُهٗ سِنَةٌ وَّ لَا نَوْمٌ ؕ لَهٗ مَا فِی

کبھی اونگھ اور نیند نہیں آتی جو کچھ آسمانوں اور زمین

السَّمٰوٰتِ وَ مَا فِی الْاَرْضِ ؕ مَنْ ذَا

میں ہے اسی کی طرف سے ہے۔ کون ہے جو اسکے

الَّذِیْ یَشْفَعُ عِنْدَهٗۤ اِلَّا بِاِذْنِهٖ ؕ یَعْلَمُ مَا

حضور اسکے فرمان کے بغیر شفاعت کرے۔ جو کچھ ان کے سامنے اور

بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ وَ مَا خَلْفَهُمْ ج وَ لَا

جو کچھ انکے پیچھے ہے اسے وہ جانتا ہے۔اور سوائے اس

يُحِيْطُوْنَ بِشَيْءٍ مِّنْ عِلْمِهٖٓ اِلَّا بِمَا

مقدار کے جسے وہ چاہے کوئی شخص اسکے علم سے واقف

شَآءَ ط وَسِعَ كُرْسِيُّهُ السَّمٰوٰتِ وَ

نہیں ہو سکتا۔ اور اسکی کرسی آسمانوں اور زمین کو اپنے اندر

الْاَرْضَ ج وَ لَا يَئُوْدُهٗ حِفْظُهُمَا ج وَ هُوَ

لئے ہوئے ہے اور ان کی نگہداری اس کے لئے گراں نہیں ہے اور

الْعَلِيُّ الْعَظِيْمُ (255) لَآ اِكْرَاهَ فِي الدِّيْنِ لا

بلندئ مقام اور عظمت اسی سے مخصوص ہے۔دین قبول کرنے میں کوئی جبر و اکراہ نہیں

قَدْ تَّبَيَّنَ الرُّشْدُ ج مِنَ الْغَيِّ ج فَمَنْ يَّكْفُرْ

ہے صحیح راستہ ٹیڑھے راستے سے جدا اور آشکار ہو چکا ہے

بِالطَّاغُوْتِ وَ يُؤْمِنْ بِاللّٰهِ فَقَدِ

اس بناء پر جو کوئی طاغوت سے منہ موڑ کر اللہ پر ایمان

اسْتَمْسَكَ بِالْعُرْوَةِ الْوُثْقٰى ۗ لَا انْفِصَامَ

لے آئے تو اس نے محکم کڑے کو تھاما ہے جو ٹوٹ

لَهَا ؕ وَ اللّٰهُ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ﴿256﴾ اَللّٰهُ وَلِيُّ

نہیں سکتا اور اللہ سننے والا جاننے والا ہے۔ اللہ ان لوگوں کا سرپرست

الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا يُخْرِجُهُمْ مِّنَ الظُّلُمٰتِ

ہے جو ایمان لے آئے ہیں۔ انہیں وہ تاریکیوں سے نکال

اِلَى النُّوْرِ ؕ ۵ وَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْۤا اَوْلِيٰٓؤُهُمُ

کر نور کی طرف لے آتا ہے اور وہ لوگ جو کافر ہوگئے ہیں ان کے اولیاء اور

الطَّاغُوْتُ ۙ يُخْرِجُوْنَهُمْ مِّنَ النُّوْرِ اِلَى

سرپرست طاغوت ہیں جو انہیں نور سے نکال کر

الظُّلُمٰتِ ؕ اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ النَّارِ ۚ

تاریکیوں کی طرف لے جاتے ہیں وہ اہل آتش ہیں

هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ﴿257﴾ ع

اور وہ اس میں ہمیشہ رہیں گے۔

سُوْرَةُ اَلَمْ نَشْرَحْ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع اللہ کے نام سے جو رحمٰن ورحیم ہے

اَلَمْ نَشْرَحْ لَكَ صَدْرَكَ ﴿1﴾ لا وَ وَضَعْنَا

کیا ہم نے تیرے سینہ کو کشادہ نہیں کیا؟ اور تجھ سے

عَنكَ وِزْرَكَ ۝٢ الَّذِىٓ اَنْقَضَ ظَهْرَكَ ۝٣

بھاری بوجھ بر طرف نہیں کیا؟ وہی بوجھ جو تیری پشت کو جھکائے دے رہا تھا۔

وَ رَفَعْنَا لَكَ ذِكْرَكَ ۝٤ فَاِنَّ مَعَ الْعُسْرِ

اور تیرے ذکر کو ہم نے بلند کیا؟ اس بنا پر یقینی طور پر سختی کے

يُسْرًا ۝٥ اِنَّ مَعَ الْعُسْرِ يُسْرًا ۝٦

ساتھ آسانی ہے۔ اور یقینا سختی کے ساتھ آسانی ہے۔ پس جب

فَاِذَا فَرَغْتَ فَانْصَبْ ۝٧

ایک اہم کام سے فارغ ہو جائے تو دوسری مہم کو شروع کر دے۔

وَاِلٰى رَبِّكَ فَارْغَبْ ۝٨

اور اپنے پروردگار کی طرف توجہ اور رغبت کر۔

سُوْرَةُ الْقَدْرِ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع اللہ کے نام سے جو رحمٰن ورحیم ہے

اِنَّآ اَنْزَلْنٰهُ فِيْ لَيْلَةِ الْقَدْرِ ١ وَ مَآ

ہم نے اس قرآن کو شب قدر میں نازل کیا ہے۔اور تو کیا جانے

اَدْرٰكَ مَا لَيْلَةُ الْقَدْرِ ٢ لَيْلَةُ الْقَدْرِ ۵

کہ شب قدر کیا ہے؟ شب قدر ہزار

خَيْرٌ مِّنْ اَلْفِ شَهْرٍ ٣ تَنَزَّلُ الْمَلٰٓئِكَةُ وَ

مہینوں سے بہتر ہے۔فرشتے اور روح اس رات میں اپنے پروردگار

الرُّوْحُ فِيْهَا بِاِذْنِ رَبِّهِمْ ۚ مِنْ كُلِّ اَمْرٍ ۛ (4)

کے اذن سے ہر کام (کی تقدیر) کے لیئے اترتے ہیں۔

سَلٰمٌ ۛ هِيَ حَتّٰى مَطْلَعِ الْفَجْرِ ع (5)

یہ ایک ایسی رات ہے جو طلوع صبح تک سلامتی سے پر ہے۔

سُوْرَةُ التَّكَاثُرِ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع اللہ کے نام سے جو رحمٰن ورحیم ہے

اَلْهٰكُمُ التَّكَاثُرُ ۙ (1) حَتّٰى زُرْتُمُ الْمَقَابِرَ ط (2)

تفاخر وتکاثر نے تمہیں اپنے حال میں مشغول رکھا۔ یہاں تک کہ تم قبروں کی زیارت کے

كَلَّا سَوْفَ تَعْلَمُوْنَ ﴿3﴾ لا ثُمَّ كَلَّا سَوْفَ

ہرگز ایسا نہیں ہے یہ جلدی ہی تمہیں معلوم ہو جائے گا۔ اس طرح نہیں ہے تم جلدی (اصل حقیقت کو) جان لوگے۔

تَعْلَمُوْنَ ﴿4﴾ ط كَلَّا لَوْ تَعْلَمُوْنَ عِلْمَ

ہرگز ایسا نہیں ہے اگر تم آخرت کا علم الیقین

الْيَقِيْنِ ﴿5﴾ ط لَتَرَوُنَّ الْجَحِيْمَ ﴿6﴾ لا

رکھتے ہوتے۔ تم یقیناً جہنم کو دیکھو گے۔

ثُمَّ لَتَرَوُنَّهَا عَيْنَ الْيَقِيْنِ ﴿7﴾ لا

پھر اس کو عین الیقین کے ساتھ مشاہدہ کرو گے۔

ثُمَّ لَتُسْئَلُنَّ يَوْمَئِذٍ عَنِ النَّعِيْمِ ﴿8﴾ ع

پھر اس دن تم سب سے ان نعمتوں کے بارے میں جو تمہیں دی گئی تھیں، سوال کیا جائے گا۔

سُوْرَةُ الْكٰفِرُوْنِ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع اللہ کے نام سے جو رحمٰن ورحیم ہے۔

قُلْ يٰٓاَيُّهَا الْكٰفِرُوْنَ ﴿1﴾ لَآ اَعْبُدُ مَا

کہہ دو! اے کافرو جن کی تم پرستش کرتے ہو میں ان کی

تَعْبُدُوْنَ ﴿2﴾ وَ لَآ اَنْتُمْ عٰبِدُوْنَ مَآ

عبادت نہیں کرتا۔ اور نہ تم اس کی عبادت کرو گے جس کی میں

اَعْبُدُ ﴿3﴾ وَ لَآ اَنَا عَابِدٌ مَّا

پرستش کرتا ہوں۔ اور نہ ہی میں ان کی پرستش کروں گا جن کی

عَبَدْتُّمْ ۙ﴿4﴾ وَ لَآ اَنْتُمْ عٰبِدُوْنَ مَا

تم پرستش کرتے ہو۔اور نہ تم اس کی پرستش کرو گے جس کی میں

اَعْبُدُ ؕ﴿5﴾ لَكُمْ دِيْنُكُمْ وَلِىَ دِيْنِ ﴿6﴾ ع

عبادت کرتا ہوں۔ (جب ایسا ہے تو) تمہارا دین تمہارے لئے اور میرا دین میرے لئے۔

سُوْرَةُ النَّصْرِ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

شروع اللہ کے نام سے جو رحمٰن ورحیم ہے

اِذَا جَآءَ نَصْرُ اللّٰهِ وَ الْفَتْحُ ۙ﴿1﴾ وَ رَاَيْتَ

جب خدا کی مدد اور کامیابی آن پہنچے۔اور تو دیکھے گا کہ

النَّاسَ يَدْخُلُوْنَ فِيْ دِيْنِ اللّٰهِ اَفْوَاجًا ۙ (2)

لوگ گروہ در گروہ خدا کے دین میں داخل ہو رہے ہیں۔

فَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ وَ اسْتَغْفِرْهُ ؕ

پس تم اپنے پروردگار کی تسبیح اور حمد بجا لاؤ اور اس سے استغفار کرو کہ

اِنَّهٗ كَانَ تَوَّابًا ؑ (3)

وہ بڑا ہی توبہ قبول کرنے والا ہے۔

سُوْرَةُ الْاِخْلَاصِ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع اللہ کے نام سے جو رحمٰن ورحیم ہے۔

قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ۚ ﴿1﴾ اَللّٰهُ الصَّمَدُ ۚ ﴿2﴾

کہہ دیجئے اللہ یکتا و یگانہ ہے۔ اللہ ہی ہے کہ جس کی طرف تمام حاجت مند رخ کرتے

لَمْ يَلِدْ ۙ وَلَمْ يُوْلَدْ ۙ ﴿3﴾

ہیں۔ نہ تو اس نے کسی کو جنا ہے اور نہ ہی وہ کسی سے پیدا ہوا ہے۔

وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ؏ ﴿4﴾

اور ہرگز اس کا کوئی ہم پلہ اور مانند نہیں ہے۔

سُوْرَةُ الْفَلَق

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ﴿﴾

شروع اللہ کے نام سے جو رحمٰن ورحیم ہے۔

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ ﴿1﴾ لا مِنْ شَرِّ مَا

کہہ دیجئے میں سفیدۂ صبح کے پروردگار کی پناہ مانگتا ہوں۔ ان تمام چیزوں کے شر سے جو اس

خَلَقَ ﴿2﴾ لا وَ مِنْ شَرِّ غَاسِقٍ اِذَا وَقَبَ ﴿3﴾ لا

نے پیدا کی ہیں۔ اور ہر مزاحمت کرنے والے موجود کے شر سے جب کہ وہ وارد ہو۔

وَ مِنْ شَرِّ النَّفّٰثٰتِ فِی الْعُقَدِ ﴿4﴾ لا

اور ان کے شر سے جو گرہوں میں دم کرتے ہیں۔

وَ مِنْ شَرِّ حَاسِدٍ اِذَا حَسَدَ ﴿5﴾ ع

اور ہر حسد کرنے والے کے حسد سے جب وہ حسد کرے۔

سُوْرَةُ النَّاسِ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع اللہ کے نام سے جو رحمٰن و رحیم ہے۔

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ ﴿1﴾ مَلِكِ

کہہ دیجئے میں لوگوں کے پروردگار کی پناہ مانگتا ہوں۔ لوگوں کے

النَّاسِ ﴿2﴾ اِلٰهِ النَّاسِ ﴿3﴾ مِنْ شَرِّ

مالک و حاکم کی۔ لوگوں کے معبود کی۔ خناس کے

الْوَسْوَاسِ ۵ الْخَنَّاسِ ﴿4﴾ الَّذِیْ

وسوسوں کے شر سے۔ جو انسانوں کے

یُوَسْوِسُ فِیْ صُدُوْرِ النَّاسِ ﴿5﴾

سینوں میں وسوسے ڈالتا ہے۔

مِنَ الْجِنَّةِ وَ النَّاسِ ﴿6﴾

چاہے وہ جنات میں سے ہو یا انسانوں میں سے۔

NAAS-114

Verses 6-Section 1

Bismillaahir-Raḥmaanir-Raḥiim.

1. Qul 'a-'uuẓu bi-Rabbin-NAAS.
2. Malikin-Naas,
3. 'Ilaahin-Naas.
4. Miñ-sharril-Waswaasil-khan-Naas,-
5. 'Allaẓii yuwas-wisu fii ṣuduurin-Naasi,-
6. Minal-Jinnati wan-Naas.

RAHE NAJAT PUBLICATIONS
KARACHI - PAKISTAN